


Jubilee
LIFE INSURANCE

# WEDSMART
## MARRIAGE PLAN

ایک باپ ہونے کی حیثیت سے بیٹی کی شادی آپ کی اہم ذمہ داریوں میں سے ایک ہے۔ آپ اپنی بیٹی کے لئے ایک بہترین مستقبل کی توقع رکھتے ہیں۔ اپنی زندگی میں ہی یا پھر بعد ازمرگ ان خوابوں کو حقیقت کا رنگ دینے اور بیٹی کی شادی اور دیگر ضروریات کی تکمیل کے لئے محتاط مالی منصوبہ بندی کی ضرورت ہے۔

Jubilee Life آپ کی خدمت میں WedSmart پیش کرتا ہے جو آپ کے لئے دوہرے فوائد پیش کرتا ہے کیونکہ یہ نہ صرف آپ کے بچوں کے مستقبل کی حفاظت کرتا ہے بلکہ مخصوص مدت میں آپ کے لئے باقاعدگی سے بچت بھی کرتا ہے تاکہ مستقبل میں شادی کے اخراجات کو پورا کیا جا سکے۔

## WedSmart کیا ہے؟

WedSmart دراصل Unit Linked endowment پلان ہے۔ جس کا مقصد لائف انشورنس کے ساتھ آپ کے لئے باقاعدگی سے فنڈز جمع کرنا بھی ہے۔ اس پلان کے ذریعے جمع ہونے والا فنڈ مستقبل میں بچوں کی شادی، تعلیم یا دیگر مقاصد کے حصول کے لئے استعمال کیا جا سکتا ہے۔

## WedSmart ہی کیوں؟

- اپنے مالی فرائض کی منصوبہ بندی اپنی مرضی سے کریں
- سرمایہ کاری کے لئے مرضی کے فنڈ کا انتخاب کریں
- سرمایہ کاری کی بہترین حکمت عملی کے ذریعے اپنے فنڈز کو بڑھائیں
- سرمایہ کاری کو Ad hoc Premium کے ذریعے مزید بڑھائیں
- Add-On بینیفٹ کے ذریعے اپنی مرضی کا تحفظ حاصل کریں
- مہنگائی کا مقابلہ کریں
- پلان تسلسل سے جاری رکھنے پر اضافی یونٹس حاصل کریں

## تکمیلی فوائد

پلان کی مدت کے اختتام پر پالیسی کے حامل فرد کو مجموعی کیش ویلیو (Accumulated CashValue) حاصل ہوتی ہے۔

## بعد از مرگ فوائد

WedSmart پلان اس بات کو یقینی بناتا ہے کہ جس دوران آپ بچوں کے لئے بچت کر رہے ہوں آپ کے خاندان کو لائف انشورنس حاصل رہے، اور اگر اس دوران پالیسی

ہولڈر انتقال کر جائے تو اس کے لواحقین بیمہ شدہ رقم یا اس کے مساوی کیش ویلیو، جو بھی زائد ہو اس کے حق دار ہوں گے۔ بیمہ شدہ رقم کی تخمین کے لئے آپ اپنے سالانہ بنیادی پریمیئم کو مجوزہ مجموعی بیمے سے ضرب دے لیجئے (پیشکش 3 سے 254 اقساط تک ہے) *اور اس کا انحصار بھی آپ کی بچت اور انشورنس کی ضروریات پر ہے۔

مثال کے طور پر اگر آپ سالانہ ایک لاکھ روپے بطور پریمیئم ادا کرتے ہیں اور آپ کا انشورنس منصوبہ دس سالہ ہے تو اس لحاظ سے آپ کی مجموعی بیمہ کی رقم دس لاکھ روپے بنتی ہے۔

*(انشورنس کی مدت کا انحصار پالیسی لیتے وقت پالیسی کنندہ کی عمر پر ہے)

## اساسی فوائد

WedSmart کے بنیادی فوائد میں "بچوں کی شادی" کی سہولت شامل ہے جو اس بات کو یقینی بناتا ہے کہ آپ کی بیٹی کی شادی آپ کے خوابوں کے عین مطابق ہو۔ کسی حادثاتی موت کی صورت میں پلان میں نامزد فرد کو حادثاتی موت کے بیمے کے مساوی رقم بھی ادا کی جائے گی۔

## اضافی فوائد

WedSmart آپ کو اپنا پلان اپنی انشورنس ضروریات کے مطابق خود ترتیب دینے کی سہولت مہیا کرتا ہے، اور اس مقصد کے لئے وہ مندرجہ ذیل اضافی فوائد پیش کرتا ہے۔

### * جوبلی میڈی پیل

جوبلی لائف کی جانب سے پیش کردہ یہ نیا اختیاری رائڈر بیمہ کنندہ یا شریکِ حیات کو کسی بھی حادثے یا بیماری کی باعث اسپتال کے نجی وارڈ میں علاج کی غرض سے 250,000 روپے تک کی فوری کوریج فراہم کرتا ہے۔ بیمہ کنندہ اس رائڈر کی بدولت کسی بھی منظور شدہ ہسپتال میں بلامعاوضہ اعلیٰ معیار کی طبّی سہولت سے مستفید ہوسکتا ہے۔ مزید معلومات کے لیے میڈی پیل کا اضافی کتابچہ ملاحظہ فرمائیں۔

### * مہلک بیماری

اگر آپ 18 تخصیص شدہ مہلک بیماریوں میں سے کسی کا شکار ہو جاتے ہیں تو اس صورت میں آپ پلان کی تکمیل سے قبل ہی مستفید ہو سکتے ہیں۔

### * مستقل معذوری

اگرکسی حادثے کی صورت میں آپ مستقل معذوری کا شکار ہوجاتے ہیں تو اس صورت میں آپ پلان کی تکمیل سے قبل ہی مستفید ہوسکتے ہیں۔

### * خاندان کی آمدنی

دورانِ پالیسی انتقال کی صورت میں آپکے اہل خانہ کو دیگر فوائد کے علاوہ ایک مخصوص رقم ماہانہ خرچ کےطور پر بھی ملتی رہے گی تاکہ وہ ایک باوقار معیارِ زندگی برقرار رکھ سکیں۔

### * پریمیئم کی معافی

خدانخواستہ اگر آپ کسی بیماری یا معذوری کی وجہ سے پچھلے 6 ماہ سے اپنے پیشہ ورانہ فرائض انجام نہیں دے سکے ہیں تو اس بینیفٹ کے تحت Jubilee Life آپ کا اگلا پریمیئم اپنی جانب سے ادا کرے گی۔

### * اسپتال داخل ہونے کی صورت میں

اسپتال میں داخل ہونے کی صورت میں آپ کو روزانہ فوائد کی سہولت حاصل ہوتی ہے، اگر آپ 18 مخصوص مہلک بیماریوں کے باعث اسپتال میں داخل ہوتے ہیں تو اس صورت میں یہ بینیفٹ دگنے ہوجاتے ہیں۔ انتہائی نگہداشت وارڈ کی صورت میں مزید پچاس فیصد اضافی بینیفٹ بھی ادا کیا جائے گا۔ اس بینیفٹ کے ذریعے آپ اپنی بیوی اور بچوں کو بھی کور کر سکتے ہیں۔

## اثاثوں کی انتظام کاری

آپ کا ادا شدہ پریمیئم آپ کی مرضی کے فنڈ میں سرمایہ کاری کی غرض سے لگایا جاتا ہے۔ (مینجڈ، میثاق کیپٹل گروتھ یا پھر یقین گروتھ فنڈ)۔ یہ فنڈز ماہر فنڈ زمینجر کے زیر انتظام ہیں اور انہیں وقیع مالیاتی اداروں کی حمایت بھی حاصل ہے تاکہ اس بات کو یقینی بنایا جاسکے کہ آپ کی سرمایہ کاری کی افزائش کم خطرات کے ساتھ ہو۔ پالیسی کی مدت کے دوران آپ کو رقم کی سرمایہ کاری پر منافع ملتا رہے گا اور پالیسی کے مدت کے اختتام پر آپ کو مجموعی نقد رقم یکمشت ادا کردی جائے گی۔

## سرمایہ کاری کے آپشنز

Jubilee Life کی جانب سے فی الوقت مندرجہ ذیل چار فنڈز پیش کیۓ جارہے ہیں۔ آپ اپنی ضرورت کے لحاظ سے اپنی سرمایہ کاری کسی اک فنڈ یا چاروں فنڈز میں تقسیم کر سکتے ہیں۔

| | |
|---|---|
| مینجڈ فنڈ | ایک متوازن انکم فنڈ |
| میثاق فنڈ | ایک سود سے پاک فنڈ |
| یقین گروتھ فنڈ | سرمائے میں کمی کے کم سے کم خدشات کے ساتھ لگاتار منافع کیلئے ترتیب دیا گیا فنڈ |
| کیپٹل گروتھ فنڈ | پالیسی ہولڈرز کو اثاثوں پہ مبنی سرمایہ کاری کے وسیع مواقع جیسے شیئرز، ٹرم فنانس سرٹیفکیٹس اور بینک ڈپازٹس کے ذریعے زیادہ سے زیادہ فائدہ پہنچانے کے لئے ترتیب دیا گیا فنڈ۔ |

## آپ کی سرمایہ کاری کے لئے لچکدار انتظام کاری

ہم آپ کی سرمایہ کاری کے لئے لچکدار انتظام کاری کی سہولت بھی پیش کرتے ہیں۔ آپ چاہیں تو اپنا تمام پریمیئم کسی ایک فنڈ کے لئے مخصوص کرسکتے ہیں یا چاہیں تو اپنے پریمیئم کو مختلف حصوں میں تقسیم کرکے دستیاب فنڈز میں الگ الگ مختص کرسکتے ہیں۔ نتیجتاً فنڈز کی کارکردگی پر انحصار کرتے ہوئے آپ مختلف فنڈز میں منتقل ہوسکتے ہیں۔ ہم ہر پالیسی سال کے دوران 4 مفت منتقلی کی اجازت دیتے ہیں۔ پانچویں منتقلی پر چارجز لاگو ہوں گے جو کیش ویلیو (Cash Value) یونٹ اکاؤنٹ سے منتقلی سے پہلے ہی کاٹ لئے جائیں گے۔

## سرمایہ کاری میں اضافہ

آپ کے پاس فاضل رقوم کسی بھی مرحلے پر دستیاب ہوسکتی ہیں۔ آپ اپنی باضابطہ سرمایہ کاری میں اس پلان کے تحت ایڈہاک پریمیئم کی ادائیگیوں کے ذریعے اضافہ کرسکتے ہیں۔ یہ رقوم اس وقت کی جاری کردہ قیمت پر یونٹ اکاؤنٹ میں لگائی جائیں گی۔

## مہنگائی سے مقابلہ

افراطِ زر کے پیشِ نظر آپ کے بیمہ کی رقم اور پریمیئم آپ کی سرمایہ کاری کی رقم کے ساتھ ہر سال ازخود بڑھتی رہے گی جو کسی میڈیکل تفتیش کے بغیر ہی کمپنی کی جانب سے مختص کی گئی حدود کے اندر بڑھے گی۔ تاہم آپ کے پاس یہ اختیار موجود ہے کہ آپ اس اضافے کو تسلیم نہ کریں اور اپنے پلان کو انہی شرائط وضوابط پر قائم رکھیں جیسے وہ پہلے تھا یا اپنی ضروریات کے مطابق کمتر اضافے کا انتخاب کریں۔

## کنٹیونٹی بونس

پالیسی کو مستقل پانچ سال تک بلاتعطل جاری رکھنے کی صورت میں آپ " کنٹیونٹی بونس" کے حق دار ہوجاتے ہیں۔ یہ بونس اضافی یونٹس کی صورت میں ہر سال آپ کے یونٹ

اکاؤنٹ میں جمع ہو جائیں گے۔ آپ اپنا پلان جس قدر طویل رکھیں گے، یہ بونس بھی بڑھتے رہیں گے۔ ان اضافی یونٹس کے ساتھ آپ کی سرمایہ کاری کی افزائش میں تیزی سے اضافہ ہوگا۔

## پلان کی تکمیل سے پہلے پیسوں کی ادائیگی

مستقبل غیر متوقع ہے اور آپ یہ کبھی نہیں جان سکتے کہ کب آپ کے حالات کوئی نئی کروٹ لیں اور آپ کو اپنے پلان کی تکمیل سے پہلے ہی پیسوں کی ضرورت پڑ جائے۔

WedSmart کے تحت آپ اپنے فنڈز (جزوی یا کلی طور پر) پالیسی کے دو سال کی تکمیل پر کیش کروا سکتے ہیں بشرطیکہ آپ نے دو سال کا پریمیئم ادا کر رکھا ہو۔

### * جزوی بھنائی

اگر آپ کسی ہنگامی ضرورت کو پورا کرنے کے لئے اپنی رقم نکلوانا چاہتے ہیں لیکن پالیسی ختم کرنے کا ارادہ نہیں رکھتے تو آپ اپنی ضرورت کے مطابق رقم نکلوا سکتے ہیں۔ بشرطیکہ باقی ماندہ کیش ویلیو (Cash Value) 25 ہزار روپے یا اس سے زیادہ ہو۔ (باقی ماندہ کیش ویلیو کی رقم پر کمپنی از سرِ نو غور کر سکتی ہے۔)

### * پالیسی کا مکمل خاتمہ

پالیسی کے 2 سال کی تکمیل کے بعد (بشرطیکہ دو سال کا مکمل پریمیئم ادا کیا گیا ہو) آپ اپنی پالیسی ختم کر سکتے ہیں۔ خاتمے کے وقت آپ کو آپ کے فنڈ کی مکمل کیش ویلیو (Cash Value) ادا کر دی جائے گی۔ تاہم پالیسی کے ابتدائی برسوں میں کیش ویلیوز (Cash Values) کم ہو سکتی ہیں۔

## مزید معلومات

یہ پراڈکٹ کون خرید سکتا ہے؟

ایسا کوئی بھی شخص جو 18 سے 55 برس کے درمیان ہو، یہ پراڈکٹ خریدنے کا اہل ہے۔

## میعاد

اس پلان کے تحت بچت کی دستیاب مدت 10 سے 52 برس ہے جبکہ پلان کی تکمیل کے وقت زیادہ سے زیادہ عمر 70 برس ہو سکتی ہے۔

## پریمیئم اور ادائیگیاں

بنیادی پلان کے پریمیئم کی رقم =/25,000 روپے سالانہ ہے۔ پریمیئم کی ادائیگی بذریعہ کراس چیک، ڈیمانڈ ڈرافٹ اور پے آرڈر کی جاسکتی ہے۔ تمام نمایاں کریڈٹ کارڈز بھی قبول کئے جاتے ہیں۔

## یونٹس کی ایلوکیشن

سرمایہ کاری میں بنیادی پریمیئم کا تناسب درج ذیل ہوگا۔

| پالیسی کا سال | ایلوکیشن |
|---|---|
| 1 | 25% |
| 2 | 80% |
| 3 | 90% |
| 4 اور زائد | 100% |
| عارضی | 100% |

## کنٹیونٹی بونس

بیمہ پالیسی کی پریمیئم کی مناسبت سے ایکسٹرا یونٹ ایلوکیشن کا تناسب درج ذیل ہوگا۔

| پالیسی کا سال | ایکسٹرا ایلوکیشن |
|---|---|
| 6 تا 14 | 3% |
| 15 اور زائد | 5% |

یہ ایکسٹرا ایلوکیشن یونٹس کی بنیادی ایلوکیشن کے علاوہ ہے۔

## دیگر چارجز *

ابتدائی سالوں میں رعایتی ایلوکیشن کے علاوہ مندرجہ ذیل چارجز بھی پلان پر عائد کئے جائیں گے:

| | |
|---|---|
| بڈ/آفر اسپریڈ | بنیادی پریمیئم کا 5 فیصد |
| مینجمنٹ چارجز | فنڈ ویلیو کا 1.5 فیصد سالانہ |
| ایڈمنسٹریشن فیس | 60 روپے ماہانہ |
| مورٹیلٹی چارجز | پوری عمر کی بنیاد پر بیمہ کردہ رقم پر عائد ہوگا |
| پالیسی فیس | پریمیئم کی ادائیگی کی تعداد کے ساتھ تبدیل ہوتی ہے |
| چائلڈ میرج بینیفٹ چارجز | چائلڈ میرج بینیفٹ رقم کی بنیاد پر عائد ہوگا |
| رائڈر چارجز | اس کا انحصار رائڈر کے انتخاب پر ہے۔ |

* کمپنی تمام اخراجات پر نظرثانی کرسکتی ہے۔

## فری لُک عرصہ (Free-Look Period)

Jubilee Life 14 دن کا فری لُک عرصہ فراہم کرتا ہے جس کے دوران آپ اپنی پالیسی کی شرائط وضوابط کا جائزہ لے سکتے ہیں اور چاہیں تو اپنی پالیسی منسوخ بھی کرسکتے ہیں۔ آپ کا پریمیئم آپ کی تحریری درخواست پر پالیسی دستاویز کی وصولی کی تاریخ سے 14 دن کے اندر واپس کردیا جائے گا۔ Jubilee Life کے پاس طبی معائنے پر اٹھنے والے اخراجات کی کٹوتی کا حق محفوظ ہے۔

یہ بروشر WedSmart کا ایک عمومی خاکہ پیش کرتا ہے۔ پلان اور Add-on فوائد تفصیلی شرائط کے تحت بروئے عمل لائے جاتے ہیں جو پالیسی قوانین اور شرائط میں درج ہیں۔

JUBILEELIFE.COM

**Jubilee Life Insurance Company Limited**
74/1-A, Lalazar, M.T. Khan Road,
Karachi - 74000, Pakistan

| | |
|---|---|
| Phone: | (021)35205095 |
| Fax: | (021)35610959 |
| SMS: | "JUBILEELIFE" to 8398 |
| Email: | info@jubileelife.com, complaints@jubileelife.com |
| Website: | www.jubileelife.com |
| U.A.N: | (021) 111-111-554 (JLI) |